# Disclaimer

This Urdu translation is uploaded for the awareness & information of General Public only, and all the Executive and Judicial Authorities/fora should consult the English version of the Gazetted, Khyber Pakhtunkhwa Registration of Godowns Act, 2021 for reference, examination or decisions under the provisions of the Act ibid.

Law Parliamentary Affairs & Human Rights Department
LAW PARLIAMENTARY AFFAIRS & HUMAN RIGHTS DEPARTMENT
GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

# خیبر پختونخوا گوداموں کے اندراج کا قانون مجریہ 2021

# خیبر پختونخوا 2021ء کا قانون نمبر 16

## ایک قانون.

## فہرست.

## دفعات.

## ابتدائیہ / دیباچہ.

## باب اول

## ابتدائیہ.


۱۔ مختصر عنوان، وسعت، اطلاق اور آغاز۔

۲۔ تعریفات۔


## باب دوئم

## اجازت نامہ


۳۔ گودام کا قیام قابل عمل بنانا۔

۴۔ اجازت دینے کا اختیار۔

۵۔ اجازت نامہ کی عطائیگی کا طریقہ کار.

۶۔ اجازت نامے کی مدت اور اس کی تجدید.


Parliamentary Affairs & Human Rights Department

## باب سوئم

## دیگر متعلقہ قوانین کی تعمیل

۷۔ تعمیل۔

## باب چہارم

## اجازت نامہ رکھنے والے کی ذمہ داریاں

۸۔ اجازت نامہ رکھنے والے کی ذمہ داریاں۔

## باب پنجم

## معائنہ اور سزا

۹۔ معائنہ۔

10۔ جرمانہ، مہر اور اجازت نامہ کی منسوخی تشریح۔

۱۱۔ بغیر اجازت نامہ کے گودام کو بند کرنا۔

12۔ معلومات حاصل کرنے کا اختیار اور اندراج۔

## باب ہشتم

## التجاء

13۔ التجاء۔

## باب ہفتم

## متفرقات

14۔ اختیارات کی تفویض۔

15۔ اختیارات کا مجاز بنانا۔

16۔ قانونی ذمہ داری سے مُبرا۔

17۔ اس قانون کی دوسرے قوانین کے ساتھ تضاد نہ ہو۔

18۔ قواعد بنانے کا اختیار۔

# خیبر پختونخوا گوداموں کے اندراج کا قانون مجریہ 2021ء

## (خیبر پختونخوا کا قانون نمبر XVI 2021ء)

## ایک قانون

صوبہ خیبر پختونخوا میں گوداموں کے اندراج کے لیے مہیا کیا گیا۔

ہر گاہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں گوداموں کے اندراج اور باضابطہ بنانے، اشیاء کی یقینی دستیابی اور فراہمی اور اس سے منسلکہ ذیلی / ضمنی معاملات کے لیے ایک جامع نظام مہیا کیا جاسکے۔

یہ قانون صوبائی اسمبلی سے بذریعہ ہٰذا وضع کیا جاتا ہے۔

## باب اول

## ابتدائی

۱۔ مختصر عنوان، وسعت، اطلاق اور نفاذ۔

(1) یہ قانون خیبر پختونخوا گوداموں کے اندراج کا قانون مجریہ ۲۰۲۱ء کہلایا جائے گا۔

(2) یہ قانون پورے خیبر پختونخوا میں وسعت پذیر ہو گا۔

(3) یہ قانون ان تمام گوداموں پر نافذ ہو گا جہاں اشیاء کو ذخیرہ کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہے۔

(4) یہ قانون فوری طور پر نافذ العمل ہو گا۔

## ۲۔ تعریفات۔

اس قانون میں استعمال شدہ الفاظ، جب تک کہ سیاق وسباق کے منافی نہ ہوں، درج ذیل معنی ہونگے۔

(ا) "اپیلٹ اتھارٹی" سے مراد حکومت کا معتمد برائے محکمہ صنعت، تجارت اور تیکنیکی تعلیم۔

(ب) "افسر مجاز" سے مراد، اس قانون کی دفعہ ۱۴ کے تحت ایک لائسنس دینے والی اتھارٹی کا مجاز افسر۔

(پ) "اشیاء" سے مراد، وہ اشیاء جن کی تعریف اشیاء کے فروخت کے قانون (۱۹۳۰ء کا قانون نمبر ۳) میں بیان کردہ ہے۔

(ت) "حکومت" سے مراد خیبر پختونخوا کی حکومت ہے۔

(ث) "اجازت یافتہ" سے مراد ایک فرد یا قانونی وجود رکھنے والی وہ ہستی کہ جسکو لائسنس دینے والی اتھارٹی اس قانون کے تحت گودام کے قیام اور اُسکے چلانے کے لئے اجازت دی ہو۔

(ٹ) "اجازت دینے والی اتھارٹی" سے مراد منتظم صنعت اور تجارت خیبر پختونخوا ہے۔

(ج) "فرد" سے مراد انفرادی طور پر ایک فرد، ایک کمپنی، ایک فرم یا ایک ایسی انجمن وغیرہ جو کہ متعلقہ قانون کے تحت اندراج شدہ ہے۔

(چ) "گودام" سے مراد ایک ایسا احاطہ جہاں اشیاء کو ذخیرہ کرکے رکھا گیا ہو بشمول ایک ہال، سرد خانہ یا گودام جو کہ اشیاء کو ذخیرہ کرنے کے لیے استعمال ہو کے رکھنے کے لیے ذخیرہ گاہ۔

(ح) "مقرر کردہ" سے مراد قواعد کے ذریعے مقرر کردہ ہے؛ اور

(خ) "قواعد" سے مراد اس قانون کے تحت بنائے گئے قواعد ہیں۔

# باب دوئم

## اجازت نامہ دینا

## ۳۔ گودام کا قیام قابل عمل بنانا۔

کوئی بھی شخص گودام کا قیام نہیں کرے گا یا چلائے گا جب تک وہ اس قانون کے تحت اجازت دینے والی اتھارٹی کی طرف سے جائز اجازت نامہ حاصل نہ کرے۔

## ۴۔ اجازت نامہ دینے کا اختیار۔

اجازت دینے والی اتھارٹی ایک فرد کو گودام بنانے اور چلانے کا اجازت نامہ دے گی۔

## ۵۔ اجازت نامہ کی عطائیگی کا طریقہ کار۔

(۱) کوئی بھی فرد جو گودام بنانے کا ارادہ رکھتا ہو وہ مقرر کردہ طریقہ کار کے مطابق گودام کے بنانے کی اجازت نامہ کیلئے لائسنس دینے والی اتھارٹی کو درخواست دے گا۔

تاہم ایک فرد جو پہلے ہی سے گودام بغیر اجازت نامہ کے چلا رہا ہے وہ اس قانون کے نفاذ کے تیس دنوں کے اندر اندر اجازت نامہ کیلئے درخواست جمع کرائے گا اور ایسا نہ کرنے پر ایسے فرد کیساتھ اس قانون کی دفعہ ۱۱ کے مہیا کردہ طریقہ کار کے مطابق نمٹا جائے گا۔

(۲) اجازت نامے کے اجراء کیلئے درخواست کے ہمراہ فیس، دستاویزات اور تفصیلات مقرر کردہ طریقہ کار کے مطابق ہونی چاہیں۔

(۳) اجازت دینے والی اتھارٹی اپنی چھان بین کے بعد اگر مناسب سمجھے تو تجویز کردہ طریقہ کار کے مطابق اس فرد کو اجازت نامہ کی منظوری دے گی۔

## ۶۔ اجازت نامے کی مدت اور اس کی تجدید۔

(1) اس قانون کے تحت عطا کردہ اجازت نامہ ایک سال کی مدت تک کیلیے جائز ہوگا اور اسکی ہر سال تجدید اجازت نامہ کی مقررہ کردہ فیس کی ادائیگی پر ہوگی۔

(2) جازت نامہ کی تجدید کے لیے درخواست، اجازت نامے کی معیاد ختم ہونے سے تیس دن پیشگی جمع کرانی ہوگی. اجازت نامے کی تجدید میں تاخیر کی صورت میں مقرر کردہ طریقہ کار کے مطابق تاخیری قیمت کی ادائیگی بھی کی جائیگی۔

# باب سوئم
# دیگر متعلقہ قوانین کی تعمیل

## ۷۔ تعمیل۔

اگر کسی فرد نے متعلقہ قوانین کی تعمیل کے بغیر گودام پہلے سے کھول رکھا ہے یا کھولنے کا ارادہ رکھتا ہے یا پہلے سے چلا رہا ہے، یا اسکے گودام کی وجہ سے صحت کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو اجازت دینے والی اتھارٹی کسی کمی کو پورا کرنے یا افسر مجاز، جیسی بھی صورت ہو، ایسے فرد کو خلاف ورزی کرنے پر روکنے کے احکامات یا ایسی کسی چیز کو ہٹانے کے احکامات جاری کر سکتا ہے اور گودام کو مہر بند کرنے کے احکامات / ہدایات جاری کر سکتا ہے۔

# باب چہارم

## ۸۔ اجازت یافتہ کی ذمہ داریاں۔

یہ اجازت یافتہ کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ درج ذیل کا بندوبست کرے گا۔

(ا) گودام کے احاطے کی صفائی اور تھوک دان، حفاظتی ساز و سامان بیت الخلاء اور پیشاپ خانہ کی بھی فراہمی کو یقینی بنانا۔

(ب) ذخیرہ شدہ اشیاء کے لیے درجہ حرارت اور ساز گار ماحول کو برقرار رکھنا۔

(پ) ذخیرہ شدہ اشیاء کی حفظان صحت کے اصولوں سیوریج کی سہولیات اور دیگر ضروری اقدامات کا جائزہ لینے کا بندوبست کرنا۔

(ت) گودام میں ذخیرہ شدہ اشیاء پر متعلقہ قوانین کا اطلاق کرنا۔

(ث) گودام کی تحریر شدہ کتابوں کھاتوں اور ذخیرہ شدہ اشیاء سے متعلق دیگر تحریریں یا گودام سے ترسیل شدہ ذخیروں کی تحریری ثبوت اس سے جڑی ہوئی ایسی معلوماتا جازت دینے والی اتھارٹی کو جب کبھی بھی ضرورت ہو، فراہم کرنا۔

(ٹ) کارکنوں کو لازمی حفاظتی ٹیکہ لگوانا اور سرٹیفیکیٹ کا بندوبست کرنا۔

(ج) صاف پانی اور کوڑا کرکٹ کو تلف کرنے کے لیے مناسب بندوبست کرنا۔

(چ) گودام کے لیے مناسب عمارت، اسکے ارد گرد باڑ اور آگ سے بچاؤ کے آلات کی فراہمی اور ان سب کو برقرار رکھنے کا بندوبست کرنا؛ اور

(ح) ذخیرہ شدہ اشیاء کی حفاظت کے لیے بندوبست کرنا؛

# باب پنجم

## اور معائنہ سزائیں

## ۹۔ معائنہ۔

اجازت دینے والی اتھارٹی یا افسر مجاز، جیسی بھی صورت ہو، اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ اس قانون کی دفعات اور قواعد پر تعمیل ہو رہی ہے یا نہیں، گودام کا معائنہ کر سکتا ہے۔

## 10۔ جرمانہ، مہر بند کرنا اور اجازت نامہ کی منسوخی۔

(1) اگر دوران معائنہ اجازت یافتہ کو اس قانون کی دفعات اور قواعد کے خلاف ورزی کا مرتکب پایا گیا تو اجازت دینے والی اتھارٹی یا افسر مجاز، جیسی بھی صورت ہو، پانچ لاکھ روپے جرمانہ یا گودام کو مہر بند یا دونوں عائد کرے گا۔

(2) اگر دوران معائنہ اور بعد میں چھان بین کے دوران یہ بات واضح ہو جائے کہ اشیاء کو ذخیرہ اندوزی یا ناجائز منافع خوری کے لیے رکھا گیا ہو تو اجازت دینے والی اتھارٹی یا مجاز افسر جیسی بھی صورت ہو، تمام ذخیرہ شدہ اشیاء کو قبضے میں لے گا اور معاملے کو ہمراہ ضبط شدہ اشیاء کے ڈپٹی کمشنر کی طرف بھیجے گا، اور اگر منافع خوری کی نیت سے گودام میں اشیاء ذخیرہ کیا گیا ہو تو ناظم صنعت اور تجارت خیبر پختونخوا کی طرف موجودہ رائج الوقت ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری سے بچاؤ کے متعلقہ قوانین کے تحت مزید کاروائی کیلئے بھیج دے گا.

### وضاحت۔

یہ اجازت دینے والی اتھارٹی یا افسر مجاز کی، جیسی بھی صورت ہو، بنیادی ذمہ داری ہو گی کہ خود مناسب طور پر مطمئن کر لیں کہ آیا ذخیرہ شدہ اشیاء کو گودام میں ذخیرہ اندوزی یا منافع خوری کی نیت سے رکھا گیا ہے۔

(3) ذیلی دفعہ (الف) اور (ب) کے تحت کاروائیوں کے ساتھ لائسنسنگ اتھارٹی اجازت یافتہ کو وضاحت کا موقع فراہم کرنے کے بعد، لائسنس کو منسوخ کر سکتا ہے۔

## ۱۱۔ بغیر اجازت نامے کے گودام کو مہر بند کرنا۔

(1) اگر کوئی فرد بغیر اجازت نامہ کے گودام کو چلا رہا ہے تو اجازت دینے والی اتھارٹی یا افسر مجاز، جیسی بھی صورت ہو، ایک ایسا حکم نامہ جاری کر سکتا ہے جس میں ایسے شخص کو ہدایت دی گئی ہو کہ وہ ایسے گودام کو نہ چلائے یا گودام کو مہر بند کرے، جیسے بھی صورت ہو۔

(2) کوئی بھی فرد جو ذیلی دفعہ (۱) کے تحت جاری شدہ حکم نامے کی خلاف ورزی کرے تو اسے ایک سال تک قید کی سزا یا جرمانہ جو پانچ لاکھ (5,00,000/-) روپے تک یا دونوں بھی ہو گا۔

## 12۔ معلومات حاصل کرنے اور داخلہ کا اختیار۔

(1) اس قانون کی دفعات کو عملی جامہ پہنانے کے لیے لائسنگ اتھارٹی یا افسر مجاز جیسے بھی صورت ہو۔

(ا) تحریری حکم نامے کے ذریعے، حکم نامے میں تصریح کردہ گودام کی تنصیب یا چلانے یا اس کے قبضے میں جو گودام ہے متعلق کسی فرد سے ایسی معلومات فراہم کرنے کا کہہ سکتا ہے یا

(ب) اگر ضروری ہو تو گودام میں داخل یا گودام کے احاطے میں تلاشی اور شخص کے خلاف کوئی کاروائی کر سکتا ہے۔

(2) کوئی بھی شخصا جازت دینے والی اتھارٹی یا افسر مجاز کو، جیسی بھی صورت ہو، فرائض کی انجام دہی کے دوران رکاوٹ پیدا کرتا ہے تو اس فرد کو مجموعہ تعزیرات پاکستان مجریہ ۱۸۶۰ء کی دفعہ ۱۸۶ کے تحت سزا دی جائیگی۔

# باب ہشتم

# اپیل

## 13۔ اپیل۔

(1) کوئی بھی شخص اجازت دینے والی اتھارٹی یا افسر مجاز، جیسی بھی صورت ہو، کی طرف سے جاری کردہ حکم نامے سے متاثر ہو تو حکم نامے کے اجراء کے تیس دن کے اندر اندر اپیلٹ اتھارٹ کو اپیل کر سکتا ہے۔

(2) اپیلٹ اتھارٹی ایسے شخص کو سننے کا ایک موقع دینے کے بعد اگر مناسب سمجھے تو ایک حکم نامہ جاری کر سکتی ہے۔ اپیلٹ اتھارٹی کا حکم نامہ حتمی ہو گا۔

# باب ہفتم

# متفرقات

## 14۔ اختیارات کی تفویض۔

اجازت دینے والی اتھارٹی یا افسر مجاز عمومی یا خصوصی حکم نامے اور حکم نامے میں تصریح کردہ ایسی شرائط سے مشروط پر ناظم صنعت اور تجارت خیبر پختونخوا کے کسی مجاز افسر کو اختیار استعمال کرنے اور اس سلسلے میں حکم نامے میں تصریح شدہ خیبر پختونخوا کے صوبے کے کسی علاقے میں فرائض انجام دینے کا اختیار دے سکتا ہے۔

## 15۔ اختیارات کا مجاز بنانا۔

اجازت دینے والی اتھارٹی یا افسر مجاز جو بھی ہو، تحریری طور پر صارف عدالت جو صارفین کے تحفظ کے قانون مجریہ ۱۹۹۷ (خیبر پختونخوا ۱۹۹۷ کا قانون نمبر ۶) کے تحت تشکیل کئے گئے ہیں، میں شکایت درج کرنے کے بعد صارف عدالت، اس قانون کے تحت کسی بھی سزا جرم کی سماعت اس قانون کے تحت کر سکتا ہے۔

## 16۔ قانونی ذمہ داری سے برات۔

اپیلٹ اتھارٹی، اجازت دینے والی اتھارٹی یا افسر مجاز، جیسی بھی صورت ہو، کے خلاف کوئی مقدمہ یا اس قانون اور اس قانون کے تحت بنائے گئے قواعد کے تحت نیک نیتی سے کیا گیا کوئی بھی کے خلاف یا دیگر کوئی قانونی کاروائی نہیں کی جائیگی۔

## ۱۷۔ اس قانون کی دوسرے قوانینکے ساتھ تضاد نہ ہو۔

اس قانون اور اسکے تحت بنائے گئے قواعد اضافی تصور ہونگے اور موجودہ رائج الوقت کسی بھی دیگر قوانین سے انحطاط نہیں ہونگے۔

## ۱۸۔ قواعد بنانے کا اختیار۔

حکومت اس قانون کی دفعات کی عملداری کے لیئے حکومت بذریعہ اعلامیہ جو کہ سرکاری جریدہ میں شائع ہو، اس قانون کے مقاصد کے حصول کے لئے قواعد بنا سکتی ہے۔

---